# سندھ آرڈیننس نمبرV مجریہ 2011

# SINDH ORDINANCE NO.V OF 2011

# سندھ (مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 کی بحالی) آرڈیننس، 2011

# SINDH (REPEAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 2001 AND REVIVAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 1979) ORDINANCE, 2011

## فہرست(CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short titleand commencement

2۔1979 کے سندھ آرڈیننس نمبرXII کی بحالی

Revival of Sindh Ordinance No.XII of 1979

3۔2001 کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

4۔ محفوظ کرنا

Saving

5۔ رکاوٹ ہٹانا

Removal of difficulty

# سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ 2011

# SINDH ORDINANCE NO.V OF 2011

# سندھ (مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 کی بحالی) آرڈیننس، 2011

# SINDH (REPEAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 2001 AND REVIVAL OF THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ORDINANCE, 1979) ORDINANCE, 2011

[9جولائی 2011]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کے آرڈیننس نمبر XXVII) کو منسوخ کیا جائے گا اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 (1979 کے آرڈیننس نمبر XII) کو بحال کیا

جائے گا؛

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کے آرڈیننس نمبر XXVII) کو منسوخ کرنا اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 (1979 کے آرڈیننس نمبر XII) کو بحال کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو کہ اس طرح ہو گا؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے، اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات کو نظر میں رکھتے ہوئے فوری قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین، 1973 کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1۔(1) اس آرڈیننس کو سندھ (سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 کی منسوخی اور سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 1979 کی بحالی) آرڈیننس، 2011 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

1979 کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی بحالی
Revival of Sindh Ordinance No.XII of 1979

2۔سندھ مکانی حکومت، 1979 (1979 کے آرڈیننس نمبر XII) کو اپنی اصلی حالت جو کہ 2001-08-05 میں تھی اس میں بحال کیا جاتا ہے، فوری طور پر جیسے کہ وہ کبھی منسوخ ہوا ہی نہ ہو۔

2001 کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی منسوخی

3۔سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کا آرڈیننس نمبر XXVII) کو فوری طور پر منسوخ کیا جارہا ہے۔

| | |
|---|---|
| Repeal of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001 | |
| محفوظ کرنا<br>Saving | 4۔سندھ مکانی حکومت آرڈیننس، 2001 (2001 کے آرڈیننس نمبر XXVII) کی منسوخی کے باوجود تمام لیئے گئے احکام (بشمول قواعد، بائے لاز، ضوابط اور نوٹیفکیشنز کے اور دوسرے قانونی کاغذات کے)، کی گئی کارروائیاں، کی گئی تقرریاں، کسی اتھارٹی یا شخص کی طرف سے لیئے گئے اقدام، جو کہ اس سلسلے میں لیئے گئے ہیں، یا کیئے گئے ہیں، یا اس کے تحت بنائے گئے ہیں یا کرنے کا ارادہ کیا گیا تھا، چھ اگست 2001 اور اس ایکٹ کے نافذ ہونے والی تاریخ کے درمیاں میں (دنوں سمیت)، منسوخ نہ کیا جائے یا وزیر اعلیٰ کسی اتھارٹی یا اس کی طرف سے بااختیار بنائے گئے عملدار کی طرف سے ترمیم نہ کی جائے۔ |
| رکاوٹ ہٹانا<br>Removal of difficulty | 5۔اگر اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے، تو وزیر اعلیٰ سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایسی گنجائشیں بنا سکتا ہے، جو ایسی رکاوٹ ہٹانے کے لیئے ضروری سمجھے۔ |
| | **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔** |